© rasailojaraid.com



# تبصرے اور تاثرات

الحمد للہ "السیرۃ" العالمی کے اجراء کو اہلِ علم اور اصحابِ ذوق نے توقع سے کہیں زیادہ سراہا اور پسند کیا ہے، اور ادارے کی حوصلہ افزائی فرمائی ہے، "السیرۃ" کو اپنے تبصروں میں جگہ دی ہے اور عوام و خواص کو اس کے مطالعے کی طرف متوجہ کیا ہے، ذیل میں چند تبصروں اور تاثرات کے اقتباس پیش کئے جارہے ہیں۔ ہم ان سب حضرات اور اداروں کے شکر گزار ہیں۔

ادارہ

☆ **ماہنامہ "الحق" اکوڑہ خٹک، اگست ۱۹۹۹ء**

دور حاضر میں سیرت طیبہ سے استفادہ کی جتنی ضرورت ہے اتنی ضرورت شاید اب سے پہلے کبھی نہ تھی۔ کیونکہ آج انسانی معاشرہ اور انسانیت تنزل اور انحطاط کی جن وادیوں میں بھٹک رہی ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور سیرت طیبہ سے مکمل وابستگی اختیار کریں، تب ہی ہمیں دنیا و آخرت کی حقیقی خوشی نصیب ہوگی۔ ایسے دورِ انحطاط میں "السیرۃ" کے عنوان سے رسالے کا اجراء نہایت ہی خوش آئند اقدام ہے۔ مجلّے کے مدیر جناب حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب کو اللہ تعالیٰ نے تفسیر قرآن اور سیرت طیبہ کے ساتھ شغف کا قابل رشک ذوق عطا فرمایا ہے اور یہ ذوق آپ کو اپنے والد گرامی قدر حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ سے ملا ہے۔ زیر تبصرہ مجلّہ "السیرۃ" العالمی ششماہی کا پہلا شمارہ ہے جو کہ سیرت رسول ﷺ کے متعلق مقالات اور مضامین کا مجموعہ ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پرچے کو مقبولیت عامہ سے نوازے۔ اور عامۃ

© rasailojaraid.com